بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میر پور آزاد جموں و کشمیر

مطالعہ پاکستان **جماعت دہم** **(سیکنڈری)** **کل نمبرات: 20**

☆☆ **حصہ معروضی** ☆☆ **وقت۔ 25 منٹ**

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجیے ۔کاٹ کر یا مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

سوال نمبر ا۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں درست جواب پر ٹک نشان لگائیں۔

نمبر شمار	سوالات	ا	ب	ج	د
01	برصغیر پاک و ہند میں مسلم قومیت کا آغاز ہوا۔	712ء میں	1857ء میں	1940ء میں	1914ء میں
02	شاعر مشرق کہا جاتا ہے۔	میر تقی میر کو	علامہ اقبال کو	مولانا الطاف حسین کو	حفیظ جالندھری کو
03	کرپس مشن ہندوستان پہنچا۔	جنگ عظیم اول کے دوران	جنگ بلقان کے دوران	جنگ عظیم دوم کے دوران	جنگ عظیم دوم کے بعد
04	47-1946ء کی عبوری حکومت میں وزیر خزانہ تھے۔	سر عبدالرب نشتر	راجہ غضنفر علی خان	لیاقت علی خان	چوہدری محمد علی
05	دریائے جہلم اور دریائے سندھ کے درمیان میں صحرا واقع ہے۔	خاران	تھل	تھر	چولستان
06	پہاڑی علاقوں کے لوگوں کا عام پیشہ ہے۔	صنعت	تجارت	ملازمت	مویشی پالنا
07	پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شہر ہے۔	لاہور	فیصل آباد	کوئٹہ	کراچی
08	پاکستان کی خالق جماعت ہے۔	کانگریس	جماعت اسلامی	مسلم لیگ	عوامی لیگ
09	1970ء کے انتخابات کے دوران پاکستان میں کل صوبائی اسمبلیاں تھیں۔	تین	چار	پانچ	چھ
10	مشرقی پاکستان کے ہندو مضبوط تھے۔	معاشی لحاظ سے	سیاسی لحاظ سے	معاشرتی لحاظ سے	ثقافتی لحاظ سے
11	پاکستان کی 65 فیصد آبادی وابستہ ہے۔	تجارت سے	زراعت سے	صنعت سے	کان کنی سے
12	آئین میں ملک کا سرکاری مذہب اسلام قرار دیا گیا۔	1949ء	1956ء	1962ء	1973ء
13	پاکستان میں بلاسود بینکاری کا آغاز کیا۔	ذولفقار علی بھٹو نے	ضیاء الحق نے	محمد خان جونیجو نے	محمد نواز شریف نے
14	شاہراہ ریشم پاکستان کو ملاتی ہے۔	بھارت سے	ایران سے	افغانستان سے	چین سے
15	اقوام متحدہ میں مئسلہ کشمیر کی قراردادوں کو ویٹو کرتا رہا۔	روس	فرانس	چین	امریکہ
16	انڈس ہائی وے کی تعمیر میں تعاون کیا۔	چین نے	سعودی عرب نے	جاپان نے	ترکی نے
17	کوئلے کا سب سے بڑا ذخیرہ دریافت ہوا۔	سندھ میں	بلوچستان میں	پنجاب میں	خیبر پختونخواہ میں
18	1973ء میں ڈرائی پورٹ تعمیر ہوئی۔	کراچی میں	پشاور میں	راولپنڈی میں	لاہور میں
19	پہلی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی تھی۔	30 ملین	33 ملین	36 ملین	40 ملین
20	کشمیری زبان کا معیاری لہجہ ہے۔	گندورو	گامی	ہندکو	سلیمانکی

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میر پور آزاد جموں وکشمیر

مطالعہ پاکستان جماعت دہم (سیکنڈری) کل نمبرات: 80

(انشائیہ) وقت۔2:35 گھنٹے

☆حصہ اول☆

2.: کوئی سے بارہ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 *2 =24)

i)	علامہ اقبال نے مسلم ملت کی اساس کے حوالے سے کیا فرمایا؟	ii)	توحید سے کیا مراد ہے؟
iii)	کابینہ مشن پلان میں صوبائی گروپ کی تشکیل کیسے ہوئی؟	iv)	عام انتخابات 46-1945ء میں مسلم لیگ کا منشور کیا تھا؟
v)	عبوری حکومت میں شامل چار مسلم لیگی وزرا کے نام لکھیں۔	vi)	جناح گاندھی مذاکرات کیوں ناکام ہوئے؟
vii)	پاکستان کے چار مشہور ریگستانوں کے نام لکھیں۔	viii)	گلیشیر کسے کہتے ہیں؟
ix)	جنگلات کے کم ہونے کی چار وجوہات لکھیں۔	x)	پہاڑ کسے کہتے ہیں؟ پاکستان کے کتنے پہاڑی سلسلے ہیں؟
xi)	پاکستان کے پانچ اہم قدرتی خطوں کے نام لکھیں۔	xii)	قائداعظم کے بطور گورنر کوئی دو کارنامے لکھیں۔
xiii)	قرارداد مقاصد کی اہمیت مختصر تحریر کریں۔	xiv)	ماحولیاتی آلودگی کی اقسام کے نام تحریر کریں۔
xv)	یونین کونسل اور یونین کمیٹی سے کیا مراد ہے؟	xvi)	1965ء کی جنگ میں پاکستان بحریہ کا کیا کردار تھا۔ مختصراً لکھیں؟
xvii)	1962ء کے آئین کی دو اسلامی دفعات لکھیں۔	xviii)	سیم وتھور پر قابو پانے کے لیے دو حکومتی اقدامات تحریر کریں۔

3: کوئی سے بارہ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12*2=24)

i)	یوم تکبیر کب اور کیوں منایا جاتا ہے؟	ii)	1973ء کے آئین کے دو اہم نکات تحریر کریں۔
iii)	وزیر اعظم شوکت عزیز کے دور کی دو معاشی اصلاحات تحریر کریں۔	iv)	جہاد افغان کے دو منفی اثرات لکھیں۔
v)	ممتاز علی بھٹو اور غلام مصطفیٰ کھر کو کس نے کس حیثیت سے گورنر نامزد کیا تھا؟	vi)	پاکستان کی بندرگاہوں کے نام لکھیں۔
vii)	معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟	viii)	پاکستان کی فصل خریف کی فصلوں کے چار نام لکھیں۔

ix)	دریائے سندھ پر مشہور بیراجوں کے نام لکھیں۔	x)	سارک (SAARC) میں اس وقت کتنے ممالک شامل ہیں؟ صرف نام لکھیں۔
xi)	معاہدہ تاشقند کیا ہے؟	xii)	علاقائی تعاون برائے ترقی (RCD) اور اقتصادی تعاون کی تنظیم (ECO) میں کیا فرق ہے؟
xiii)	سعودی عرب نے کن مواقع پر پاکستان کی مدد کی ہے۔ کوئی سے دو لکھیں؟	xiv)	پاک چین اقتصادی راہداری منصوبہ کیا ہے۔ مختصراً لکھیں؟
xv)	ثقافت کی تعریف کریں۔	xvi)	لوک ادب اور معیاری ادب میں کیا فرق ہے؟
xvii)	کشمیری ثقافت کی دو خصوصیات تحریر کریں۔	xviii)	مردم نگاری سے کیا مراد ہے؟

(حصہ دوم)

4: نوٹ:۔ درج ذیل (الف) اور (ب) میں سے دو، دو کے جوابات تحریر کریں۔ **8*4=32**

(الف)

(i) ۔علامہ محمد اقبال کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کریں۔ (8)

(ii)۔ جنگلات کی اہمیت تحریر کریں۔ (8)

(iii)۔ 1962ء کے آئین کے اہم خدوخال تحریر کریں۔ (8)

(ب)

(i)۔ پاکستان میں نفاذ اسلام کے آٹھ پہلوؤں کو قلمبند کریں۔ (8)

(ii)۔ پاکستان میں زراعت کو درپیش آٹھ اہم مسائل تحریر کریں۔ (8)

(iii) ۔مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (4+4= 8)

1) مسئلہ کشمیر کا پس منظر تحریر کریں۔

2) پاکستان کے تعلیمی ڈھانچے کے اہم مدارج کون سے ہیں؟ وضاحت کریں۔

ختم شد